# شرائط و ضوابط برانچ لیس بینکنگ برائے کنزیومر اکاؤنٹ

Bank Alfalah

اکاؤنٹ کا نام

اکاؤنٹ نمبر

# شرائط و ضوابط برانچ لیس بینکنگ برائے کنزیومر اکاؤنٹ

ذیل میں درج شرائط و ضوابط، بینک الفلاح لمیٹڈ کی جانب سے برانچ لیس بینکنگ سروسز ("سروس")میں کسٹمرز ("کسٹمر") کی رجسٹریشن اور بعد ازاں برانچ لیس بینکنگ سروسز کے استعمال پر لاگو ہوتے ہیں۔ یہ شرائط و ضوابط آپ (کسٹمرز) اور بینک الفلاح لمیٹڈ کے مابین معاہدے کو تشکیل دیتا ہے جس کے ذریعے وہ برانچ لیس بینکنگ میں رجسٹر ہو کر اسکی پیش کردہ سروسز کو استعمال کرتا ہے۔
برانچ لیس بینکنگ کا مطلب وہی ہے جو برانچ لیس بینکنگ ریگولیشنز میں وضاحت کردہ ہے۔

## سیکشن A: رجسٹریشن (بینک الفلاح لمیٹڈ سے برانچ لیس بینکنگ کی سہولت کیسے حاصل کی جائے)

1 بینک الفلاح لمیٹڈ سے برانچ لیس بینکنگ کیلئے رجسٹر ہونا

1.1 سروس میں رجسٹر ہونے کیلئے ضروری ہے کہ کسٹمر:

1.1.1 پاکستانی شہری اور 18 سال سے زائد عمر کا ہو۔

1.1.2 مؤثر کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ رکھتا ہو۔

1.1.3 رجسٹریشن کے وقت کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل اسکے پاس ہو۔

1.1.4 برانچ لیس بینکنگ کے بارے میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور برانچ لیس بینکنگ کی دیگر شرائط پر پورا اترتا ہو۔

1.1.5 اس سروس کے استعمال سے متعلق شرائط وضوابط کو قبول کرتے ہوئے ان کی پابندی کرے۔

1.1.6 کسی **موبائل نیٹ ورک آپریٹر** کی جانب سے جاری کردہ مؤثر اور ایکٹیو سم رکھتا ہو جو اس سروس کے استعمال کیلئے بینک الفلاح لمیٹڈ میں رجسٹرڈ کی جائے گی اور جسے بعد ازاں **رجسٹرڈ موبائل نمبر/سم** کہا جائے گا اور جو ان مخصوص سہولیات کے حصول کیلئے استعمال ہو گی جو سروس کا حصہ ہیں اور جن کے تحت ٹرانزیکشنز کیلئے کسٹمر کو موبائل فون استعمال کرنا ہوتا ہے۔

2 کسٹمر مندرجہ ذیل محفوظ طریقوں سے سروس کیلئے رجسٹر ہو:

2.1 بینک الفلاح لمیٹڈ کے مشورے سے اور وقتاً فوقتاً نظر ثانی کی گئی بینک الفلاح لمیٹڈ کے ڈیجیٹل چینلز (بشمول لیکن محدود نہیں موبائل ایپ، انٹرنیٹ بینکنگ، کیش/ چیک ڈپازٹ مشین، اے ٹی ایم، کیوس وغیرہ) منتخب ایجنٹس/سپر ایجنٹس/ ماسٹر ایجنٹس اور ایسے منتخب ایجنٹس/سپر ایجنٹس/ماسٹر ایجنٹس کی فرنچائز لوکیشنز کے ذریعے (جنہیں بعد ازاں مجموعی طور پر ایجنٹ کہا جائے گا)۔
یا

2.2 بینک الفلاح لمیٹڈ کی کوئی برانچ

3 بینک الفلاح لمیٹڈ اپنی صوابدید پر کسٹمر کی رجسٹریشن کی درخواست کو قبول یا رد کر سکتا ہے۔ قبولیت کی صورت میں بینک الفلاح لمیٹڈ **برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹ** کھول کر **برانچ لیس بینکنگ** اکاؤنٹ نمبر/اکاؤنٹ نمبر جاری کر سکتا ہے اور/ یا برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹ سے اے ٹی ایم کے ذریعے فنڈز تک بذریعہ اے ٹی ایم رسائی کیلئے ڈیبٹ کارڈ جاری کر سکتا ہے۔

4 برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹ کرنٹ اکاؤنٹ (غیر منافع بخش) یا سیونگز اکاؤنٹ (نفع اور نقصان کی بنیاد پر) میں کھل سکتا ہے۔

5 اگر اکاؤنٹ کی نوعیت سیونگز اکاؤنٹ ہے تو پی ایل ایس (نفع یا نقصان)، سیونگز اکاؤنٹ میں رکھے فنڈز/رقم کی بنیاد پر ہوگا۔

6 اگر برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹ کی نوعیت کرنٹ اکاؤنٹ ہے تو یہ غیر منافع بخش ہوگا اور کوئی منافع برانچ لیس بینکنگ کرنٹ اکاؤنٹ میں رکھے فنڈز/رقم پر نہیں دیا جائے گا۔

7 اوورڈرافٹ فیسیلٹی کی اجازت نہیں ہوگی جب تک کسٹمر کیلئے اوورڈرافٹ کی حد مقرر نہیں کی جاتی۔

8 بینک الفلاح لمیٹڈ کی پالیسی/طریقہ کار اور/یا ریگولیٹری اتھارٹیز کی ہدایات کے تحت برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹ کھولتے وقت کسٹمر کی باقاعدہ شناخت/KYC درکار ہو گی۔

9 برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹ ایک مخصوص نمبر کا حامل ہوتا ہے جو سروس کیلئے بطور حوالہ استعمال کیا جائے گا۔

10 بینک الفلاح لمیٹڈ اپنی صوابدید پر ایسے اکاؤنٹس بند کردے گا جن میں بینک الفلاح لمیٹڈ کی جانب سے وقتا فوقتا تجویز کردہ کم سے کم اوسط بیلنس ششماہی کے دوران کم ہو گا اور سروس اور دیگر چارجز کی کٹوتی کے بعد ششماہی کے اختتام پر صفر بیلنس ہو

11 اگر کسٹمر بینک الفلاح لمیٹڈ کو رجسٹریشن فارم یا کسی دوسرے ذریعے سے فراہم کردہ معلومات میں کوئی غلطی نوٹ کرتا ہے تو اسے فوری طور پر بینک الفلاح لمیٹڈ کو تحریری طور پر مطلع کرنا چاہئے تاکہ جہاں تک ممکن ہو **مناسب کوشش** کی بنیاد پر اس غلطی کو درست کر لیا جائے۔

## سیکشن B: برانچ لیس بینکنگ کیسے استعمال کی جائے؟

12 سروس کے استعمال کیلئے کسٹمر کو اس سروس کیلئے رجسٹرڈ ہونا ہو گا۔

13 کسٹمر اپنے نام پر رجسٹرڈ اور ایکٹیو سم رکھتا ہو جو ان مخصوص سہولیات کے حصول کیلئے استعمال ہو گی جو سروس کا حصہ ہیں اور جن کے تحت ٹرانزیکشنز کیلئے کسٹمر کو موبائل فون استعمال کرنا ہوتا ہے۔

14 بینک الفلاح لمیٹڈ کے بتائے گئے طریقہ کار کے مطابق کسٹمر اکاؤنٹ اوپننگ اور سروس کے استعمال کے بارے میں تمام ہدایات خود جاری کرے گا (**کسٹمر کی ہدایات**)۔ بینک الفلاح لمیٹڈ اور/یا اسکے ایجنٹس/سروس مہیا کرنے والوں کو ادائیگیوں کے بارے میں دی جانے والی تمام ہدایات کی درستگی، مکمل اور مستند ہونے کا کسٹمر ذمہ دار ہو گا اور ان ہدایات کو اکاؤنٹ آپریٹ کرنے کیلئے کافی تصور کیا جائے گا۔

15 بینک الفلاح لمیٹڈ کسٹمر کی ہدایات کی علیحدہ سے تصدیق نہیں کرے گا، یہ ہدایات تب تک مؤثر رہیں گی جب تک مناسب ٹائم فریم میں کسٹمر کی جانب سے کسی ٹرانزیکشن کی منسوخی کی ہدایات موصول نہیں ہو جاتیں۔ کسٹمر کی جانب سے دی جانے والی ہدایات پر عمل درآمد نہ روک پانے کی صورت میں بینک الفلاح لمیٹڈ کسی بھی طرح ذمہ دار نہ ہو گا۔

16 کسٹمر کی ہدایات برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹ کے بارے میں طے شدہ طریقہ کار کے مطابق کسٹمر کی تصدیق کے بعد ہی اثر انداز ہوں گی۔ ایس ایم ایس کے ذریعے کی گئی ٹرانزیکشنز کی صورت میں بینک الفلاح لمیٹڈ CLI اور PIN کے علاوہ کسٹمر کے ذریعے وصول کردہ کسی بھی ٹرانزیکشن کے مجاز ہونے کی تصدیق کرنے کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

17 کسٹمر کی ہدایات اور ٹرانزیکشن کے ٹائم پر مشتمل بینک الفلاح لمیٹڈ کا ریکارڈ ٹرانزیکشن اور کسٹمر کی جانب سے برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹ کے استعمال کیلئے دی جانیوالی ہدایات کے حقیقی ہونے کا ثبوت ہے۔
کسٹمر متفق ہے کہ بینک الفلاح لمیٹڈ اسکے اکاؤنٹ کی سالانہ یا ششماہی اسٹیٹمنٹ بھیجنے کا ذمہ دار نہیں، تاہم کسٹمر اپنے موبائل ایپ سے تیس دن (30) کی ٹرانزیکشنز دیکھ سکتا ہے۔

18 رجسٹرڈ موبائل نمبر کے ذریعے ادائیگی اور ترسیلِ زر کے حصول کیلئے کسٹمر کے رجسٹرڈ موبائل نمبر پر مناسب ائیر ٹائم موجود ہونا چاہیئے تاکہ برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹ آپریٹ ہو اور سروسز کا حصول ممکن ہو۔

19 سروس کی رجسٹریشن کیلئے کسٹمر چار ہندسوں کا پن کوڈ منتخب کرتا ہے جو برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹ کی ہر ٹرانزیکشن کی تصدیق کیلئے ضروری ہے۔

20 کسی بھی ٹرانزیکشن کی تکمیل کیلئے کسٹمر کے اکاؤنٹ میں مناسب بیلنس ہونا ضروری ہے۔ ایسا نہ ہونے کی صورت میں بینک الفلاح لمیٹڈ کسی بھی ٹرانزیکشن کی تصدیق کو رد کر دینے کا اختیار رکھتا ہے۔

21 اگر کسٹمر برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹس (ٹرانزیکشن کی حد) کیلئے ٹرانزیکشن کی مجوزہ حد سے زائد ٹرانزیکشن کی درخواست کرتا ہے تو بینک الفلاح لمیٹڈ اس ٹرانزیکشن کی تصدیق کو رد کر دینے کا اختیار رکھتا ہے۔

22 رجسٹرڈ برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹ نمبر کسٹمر کے اکاؤنٹ تک رسائی کا ایک میکنزم ہے لہذا رجسٹرڈ موبائل نمبر/سم کے چوری/گم ہو جانے یا چھن جانے کی صورت میں کسٹمر فوری طور 111-225-229 پر اور/یا بینک الفلاح لمیٹڈ کو براہ راست اور/ یا بینک الفلاح لمیٹڈ کی جانب سے وقتاً فوقتاً بتائے گئے نمبر پر فون کر کے اس سم کے چوری/گم ہو جانے یا چھن جانے کی اطلاع دے گا۔ ایسی اطلاع موصول ہونے پر بینک الفلاح لمیٹڈ کی جانب سے کسٹمر کا برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹ عارضی طور پر بند کر دیا جائے گا۔

23 بینک الفلاح لمیٹڈ اپنی صوابدید پر اس سروس کے تحت پیش کی جانے والی سہولیات میں تبدیلی/اضافہ/کمی کر سکتا ہے۔

24 کسٹمر اقرار کرتا ہے اور متفق ہے کہ وہ اس سروس کو برانچ لیس بینکنگ ریگولیشنز کے تحت کسی غیر قانونی فعل کیلئے استعمال نہیں کرے گا اور برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹ چلانے کیلئے لاگو شرائط و ضوابط، قوانین اور ریگولیشنز پر عمل کرے گا۔

25 کسٹمر اپنے اکاؤنٹ سے کسی غیر قانونی لین دین یا منی لانڈرنگ سرگرمی میں ملوث ہونے کا مکمل طور پر خود ذمہ دار ہو گا۔

## سیکشنC: سیکیوریٹی کی خصوصیات

26 سروس کی رجسٹریشن کے لئے کسٹمر 4 ہندسوں کا پن کوڈ منتخب کرتا ہے جو برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹ کی ہر ٹرانزیکشن کی تصدیق کے لئے ضروری ہے۔ علاوہ ازیں کسٹمر کو ایک منفرد ٹرانزیکشن حوالہ نمبر اور پاس کوڈ فراہم کیا جائے گا۔

27 PINکی سیکیوریٹی کیلئے ضروری ہے کہ مسلسل اعداد (1111) یا بآسانی سمجھ میں آ جانے والے اعداد(1234)کے انتخاب سے گریز کیا جائے۔

28 کسٹمر کسی بھی صورت میں اپنا PIN یا پاس کوڈ اپنے اس موبائل میں اسٹور نہ کرے جس میں رجسٹرڈ سم موجود ہو۔اگر کسٹمر کا موبائل خود بخودPIN یا پاس کوڈ اسٹور کر لیتا ہے تو اسے ہٹانا کسٹمر کی ذمہ داری ہے۔

29 کسٹمرہرصورت میں اپنے PIN یا پاس کوڈاور دیگر خفیہ معلومات کے تحفظ کی ذمہ داری لیتا ہے اور اپنےPIN یا موبائل فون تک کسی غیر متعلقہ فرد کی رسائی کو نا ممکن بنانے کی بھی ذمہ داری لیتا ہے۔

30 کسٹمرہرصورت میں اپنے اکاؤنٹ کے غیر قانونی استعمال کو نا ممکن بنانے کی بھی ذمہ داری لیتا ہے۔

31 اگر کسٹمر کو شبہ ہو کہ اسکا پاس ورڈ یااکاؤنٹ کسی دوسرے فرد کو معلوم ہوگیا ہے یا اسکی PIN فراڈ سے استعمال ہو گئی ہے تو فوری طور پر بینک الفلاح لمیٹڈ کو مطلع کرے گا تاکہ فوری طور پر اس کے اکاؤنٹ کو بند کیا جا سکے۔کسٹمر قریبی بینک الفلاح لمیٹڈ برانچ یا بینک کی ہیلپ لائن 229 225 111 پر شکایت درج کروائے گا ۔کسٹمر کسی فراڈ یا مشکوک ٹرانزیکشن کی تفتیش کی غرض سے بینک الفلاح لمیٹڈ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ تعاون کرے گا۔

32 بینک الفلاح لمیٹڈ کسٹمر کو برانچ لیس بینکنگ ٹرانزیکشنز کے بارے میں رجسٹرڈ ای میل یا رجسٹرڈ ڈاک کے ذریعے آخری معلوم ایڈریس یا اسکے رجسٹرڈ موبائل نمبر پر بذریعہ ایس ایم ایس مطلع کرے گا ۔ کسٹمر اپنا رجسٹرڈ موبائل نمبر ایکٹیو رکھنے اور بینک الفلاح لمیٹڈ کواپنے رجسٹرڈ ای میل یا رجسٹرڈ ڈاک کے ایڈریس یا رجسٹرڈ موبائل نمبرمیں کسی تبدیلی سے مطلع رکھنے کا پابند ہے۔ تاہم بینک الفلاح لمیٹڈ ایس ایم ایس کی درست حالت میں موصولی کا ذمہ دار نہیں ہے اور بینک کسٹمر تک ایس ایم ایس کی تاخیر سے ترسیل کی صورت میں ہونے والے کسی نقصان یا دعویٰ کا ذمہ دار نہ ہو گا۔

33 بینک الفلاح لمیٹڈکسٹمر کے رجسٹرڈ برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹ نمبر کے PIN اور سم تک کسی کی رسائی ہونے کا ذمہ دار نہ ہوگااور اگر کسٹمر بینک کو مطلع کرنے میں ناکام رہتا ہے اور اس دوران ہونے والی کسی بھی ٹرانزیکشن کو درست تصور کرتے ہوئے اس پر عمل درآمد کر دیا گیا تو ایسی ٹرانزیکشن سے ہونے والے کسٹمر کے کسی نقصان کا بینک الفلاح لمیٹڈ ذمہ دار نہ ہو گا۔

34 کسٹمر کی رجسٹرڈ سم /فون صرف کسٹمر ہی استعمال کریگا اوراسے چوری ہونے یا گم ہونے سے بچانے کی بھرپور کوشش کریگا اور اس ضمن میں تمام احتیاطی تدابیر کریگا۔اگر کسٹمر کی رجسٹر ڈ سم /فون چوری یا گم ہوجاتاہے تو کسٹمر اپنی سم کے غلط استعمال کو روکنے کیلئے فوری طور پر اپنے موبائل آپریٹر کو سم بند کرنے کیلئے کہے گا ۔ کسٹمر بینک الفلاح لمیٹڈ کوایسی سم اوراپنے اکاؤنٹ کو بلاک کرنے کے لئے بھی کہے گا۔جس میں ناکامی کی صورت میں بینک کسی بھی براہ راست یا با لواسطہ بشمول تھر ڈ پارٹی کلیم یا نقصان کا ذمہ دار نہ ہوگا۔ اکاؤنٹ کو بلاک کرنے کی درخواست کی وصولی کا وقت بینک متعین کریگا اور بینک کی جانب سے ایسا تعین کسٹمر کے لئے حتمی ہوگا ۔

35 الیکٹرونک چینل کے استعمال میںفراڈ غیر قانونی استعمال، ہیکنگ اور ایسے دیگر ایکشن جن سے بینک الفلاح لمیٹڈ کو رقم کی ادائیگی کے بارے میں غلط ہدایات کا احتمال رہتاہے۔ باوجود اس کے کہ بینک الفلاح لمیٹڈ اس ضمن میںمکمل سیکیورٹی فراہم کرے گااس طرح کے فراڈ ،ہیکنگ اوردیگر نامناسب ایکشنز جس سے رقوم کی ادائیگیاں متاثر ہوں کے نہ ہونے کی گارنٹی نہیں دی جاسکتی ۔اس سلسلے میں کسٹمر مکمل طور پر ذمہ دار ہوگا اور بینک الفلاح لمیٹڈ کسٹمر کے اکاؤنٹ کے PIN کے چوری ہونے یا غیر قانونی استعمال یاکسی نوعیت کے دوسرے فراڈسے ہونے والے نقصان کا ذمہ دار نہیں ہوگا ۔

36 فنڈ ٹرانسفر کے لیے استعمال کی جانے والی ٹیکنالوجی اور بینک الفلاح لمیٹڈ کی جانب سے پیش کردہ دیگر سروسز کے معیار پر ٹیلی کمیونیکیشن نیٹ ورکس کے مسائل اثر اندازہو سکتے ہیں اور قدرتی آفات، قانونی اور/ یا ریگولیٹری رکاوٹوں، ٹیلی کمیونیکیشن نیٹ ورک میں خرابی، نیٹ ورك میں خلل یا کوئی بھی دیگر وجہ جو بینک الفلاح لمیٹڈ کے قابو سے باہر ہو ، کے باعث اکاؤنٹ اور سروسز میں خلل / عدم دستیابی ہوسکتی ہے ۔ اکاؤنٹ کسی بھی وائرس یا دیگر عداوتانہ ، تخریبی یا فسادی کوڈ ، پروگرام یا میکرو سے بھی متاثر ہوسکتا ہے ۔

37 فنڈ کے ٹرانسفر کی ٹرانزیکشن یا ایسی کوئی ادائیگی اوپر دی گئی وجوہات یا دیگر بہت سی وجوہات کی بناء پر مکمل نہیں ہوسکتی۔ایسی تمام صورتوں میںکسٹمر کسی بھی طرح بینک الفلاح لمیٹڈ کو ذمہ دار قرارنہ دے گا اور کسٹمر کو بینک کے خلاف قانونی چارہ جوئی کا اختیار نہ ہو گا۔

38 بینک الفلاح لمیٹڈ کسی بھی صورت میں کسی براہ راست یا بالواسطہ،حادثاتی یاکسی بھی دوسری نوعیت کے نقصان بشمول رقم کے نقصان کاروبار میں رکاوٹ یا کسی بھی دوسری طرح کے نقصان چاہے وہ کسٹمر کی وجہ سے ہوکسی سپلیمنٹری یوزر کی وجہ سے ہویا کسی بھی دوسرے شخص کی وجہ سے ہو کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

39 کسٹمر پاکستان میں بینک الفلاح لمیٹڈ کے پاس رکھی گئی کسی بھی رقم یا کسی ڈپازٹ کی ادائیگی اور بینک الفلاح لمیٹڈ کی جانب سے اکاؤنٹ اور سروسز کے ذریعے مہیا کی گئی تمام سہولیات کیلئے بینک الفلاح لمیٹڈکے ہیڈ آفس یابرانچ کے خلاف کوئی کیس نہ کرسکے گا،کسٹمر کی جانب سے اس طرح کا کوئی استحقاق ختم کیا جاتا ہے۔

40 ٹرانزیکشنز کے تحفظ کیلئے بینک الفلاح لمیٹڈ صرف رجسٹرڈ موبائل نمبر سے کی گئی ٹرانزیکشن کی درخواست پر غور کرے گا۔

41 کسٹمر کسی بھی شخص کو بشمول بینک الفلاح لمیٹڈ کے عملے اور ایجنٹس کو اپنے بینک الفلاح لمیٹڈ اکاؤنٹ بشمول پاس کوڈ، اور/یا پن جوکہ اسے تفویض کئے گئے ہوں ،کے بارے میں آگاہی نہ دے گا۔

## سیکشنD: فیسیں /لاگتیں

42 تمام چارجز اور فیسوں کی وصولی بینک الفلاح لمیٹڈ کے شیڈول آف چارجز کے تحت ہو گی۔

43 کسٹمر کے سروس کے استعمال سے بینک الفلاح لمیٹڈ کے پاس کسٹمر کو پیشگی نوٹس کے بغیر اس کے اکاؤنٹ سے کوئی سے بھی اخراجات ، فیس، کمیشن، مارك اپ /سود ،ودہولڈنگ ٹیکس ،زکوٰۃ ،اسٹیمپ ڈیوٹی،ٹیکس، ڈیوٹی یاکوئی سے دوسرے چارجز جو کسی ٹرانزیکشنز یا بینک الفلاح لمیٹڈکے ساتھ کئے گئے کسی بھی اکاؤنٹ آپریشن یا صوبائی یا وفاقی حکومت کو قابل ادا ٹیکسوں کی صورت میں وقتاًفوقتاً قابل ادا ہوں، منہا کرنے کا حق محفوظ ہے۔ چارجز اور فیسوں کا سہ ماہی اور ششماہی بنیادوں پر جائزہ لیا جاتا ہے اور کسٹمر یہ معلومات بینک الفلاح لمیٹڈ کی برانچوں یا ایجنٹ لوکیشنز سے حاصل کر سکتے ہیں۔

44 ایجنٹس کی جانب سے اگر کوئی اضافی فیس سروس کے استعمال پر لاگو کی جائے گی تو یہ کسٹمر اور ایجنٹس کے مابین طے پائے گی۔

45 ڈیٹا اور نیٹ ورك سروس کی فراہمی کے سلسلے میں موبائل نیٹ ورك آپریٹر(MNO) سروس چارجز براہ راست کسٹمر سے حاصل کرے گا، ایسی ٹرانزیکشنز جن میں موبائل نیٹ ورك آپریٹر(MNO) یہ فیس وصول نہ کر سکے بینک الفلاح لمیٹڈ کسٹمر سے وصولی کے بعد یہ فیس موبائل نیٹ ورك آپریٹر کو ڈائریکٹ ریونیو کی صورت میں جمع کروائے گا۔

## سیکشنE: ذمہ داریاں اور ذمہ داریوں سے استثنیٰ

46 کسٹمر اپنے اکاؤنٹ سے ہونے والی کسی بھی غیر قانونی ٹرانزیکشن جو کسٹمر کے علاوہ کسی فرد کی جانب سے پن (اور/یا پاس کوڈ)استعمال کرتے ہوئے کی جائے وہ اس کا ذمہ دار ہو گاجب تک کہ یہ ثابت نہ ہوجائے کہ بینک الفلاح لمیٹڈ یا اس کے عملے کی غفلت یا فراڈ کے نتیجے میں کسٹمر کے علاوہ کسی غیر مجاز شخص کی جانب سے پن (اور / یا پاس کوڈ ) استعمال کیا گیا ہے ۔

47 اگربینک الفلاح لمیٹڈ سروس چارجز ڈیبٹ نہیں کر سکا تو ایسے چارجز کو برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹ سے منہا کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ اگر اکاؤنٹ میں مناسب فنڈز دستیاب نہیں تو بینک ان واجبات کی ادائیگی تک اکاؤنٹ کو معطل کر سکتا ہے ، اگر ابھی تک کسٹمر نے ٹرانزیکشن یا فیس کی ادائیگی نہیں کی ہے ۔

اسکے باوجود قابل ادا رقوم کی ادائیگی کسٹمر کی ذمہ داری ہے جو اسکے بینک الفلاح میں موجودکسی بھی اکاؤنٹ سے وصول کئے جا سکتے ہیں۔

48 کسٹمر متفق ہے کہ وہ اپنے اکاؤنٹ کے استعمال سے ہونے والے کسی بھی نقصان کا ذمہ دار ہو گا، بینک الفلاح لمیٹڈ کسی بھی نقصان کا ذمہ دار نہ ہوگا جب تک کہ یہ ثابت نہ ہوجائے کہ یہ نقصان بینک الفلاح لمیٹڈ یا اس کے عملے کی غفلت یا فراڈ کے باعث ہوا ہے ۔

49 کسٹمرسروس کے استعمال کی صورت میں بینک الفلاح لمیٹڈ کو ہونے والے نقصان سے بینک الفلاح لمیٹڈکو مبرّا رکھتاہے۔

50 اگر کسٹمر سروس کے استعمال کے ذریعے تھرڈ پارٹی کی کسی پروڈکٹ کے شرائط و ضوابط کے تحت وہ پروڈکٹ خریدتا ہے تو سروس کی شرائط و ضوابط کسٹمر اور نیٹ ورك آپریٹر یا سروس پرووائیڈ ر/ تھرڈ پارٹی کے درمیان خریداری کے معاہدے کی جگہ نہیں لیں گے ۔

51 کسٹمر بینیفشری کا تعین اور ادائیگی کرتے وقت درست معلومات کی فراہمی کا ذمہ دار ہے ۔ بینک الفلاح لمیٹڈ کسٹمر کی جانب سے بینیفشری کا تعین اور/یا ادائیگی کرتے وقت درست معلومات کی فراہمی نہ ہونے کی وجہ سے ہونے والے کسی نقصان کا ذمہ دار نہ ہو گا۔ بینک الفلاح لمیٹڈ درست معلومات کی فراہمی نہ ہونے کی وجہ سے ہونے والی غلط ادائیگیوں کا بھی ذمہ دار نہیں ہو گا۔بینک الفلاح لمیٹڈ بینیفشری کی تصدیق کا بھی ذمہ دار نہ ہو گا۔بینک الفلاح لمیٹڈ درست معلومات کی فراہمی نہ ہونے کی وجہ سے ہونے والی غلط ادائیگیوں /ٹرانزیکشنز کی بینیفشری کی رضا مندی کے بغیر واپسی نہیں کر سکے گا ۔ ایسی صورت میں بینک الفلاح لمیٹڈ بینیفشری یا اسکے بینک کو کسٹمر کی ہدایات روانہ کر سکتا ہے لیکن بینک الفلاح لمیٹڈ ٹرانزیکشنز کی واپسی کا ذمہ دار نہیں ہو گا۔

52 کسٹمروصول کنندہ سے رابطے کی درست معلومات کی فراہمی کا ذمہ دار ہے ۔کسٹمر سروس کے اپنے رسک پر استعمال پر متفق ہے۔وصول کنندہ کو نوٹس کی ترسیل کا مطلب نہیں کہ اس نے فنڈز وصول کر لئے ہیں یا فنڈز تک رسائی حاصل کر لی ہے۔ کسٹمر سروس کے استعمال کی صورت میں یا بینک الفلاح لمیٹڈ کی جانب سے بھیجی جانے والی کسی ای میل /ٹیلیکس/ایس ایم ایس میں تاخیر یا ناکامی سے اسے یا تھرڈ پارٹی کو ہونے والے بلا واسطہ یا بالواسطہ نقصان سے بینک الفلاح لمیٹڈکو مبرّا رکھتاہے۔ بینک الفلاح لمیٹڈسروس کے مستند ہونے، ٹرانسمیشن کے معیار اور فراہم کردہ معلومات کی صحت کا کسی بھی طرح ذمہ دار نہ ہوگا ۔ یہ سروس بلا معاوضہ نہیں ہے اور کسٹمر سے اسکے استعمال پر چارجز وصول کئے جائیں گے۔ کسٹمر کو چارجز کی یہ تفصیل بینک الفلاح لمیٹڈ کے شیڈول آف چارجز سے یا بینک کی جانب سے مقرر کردہ ایجنٹس کی لوکیشن سے یا برانچ لیس بینکنگ کال سینٹر پر 229 225 111 ڈائل کر کے یا بینک الفلاح لمیٹڈ کی قریبی برانچ سے دستیاب ہو سکتی ہے۔

## سیکشن F۔ ڈیبٹ کارڈ

53.1 کسٹمر کی درخواست پر بینک الفلاح لمیٹڈ ڈیبٹ کارڈ کا اجراء کر سکتا ہے جو بینک الفلاح لمیٹڈ کے ڈیبٹ کارڈ کے بارے میں شیڈول آف بینک چارجز کے مطابق ہو گا، کسٹمر اس کارڈ کو پاکستان میں یا بیرون ملک بینک الفلاح لمیٹڈ یا کسی دوسرے بینک کے ATM سے، یا کسی تھرڈ پارٹی کے شیئرڈ نیٹ ورك سے یا کسیPOS سے اپنے برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹ سے رقم نکالنے کے لئے استعمال کر سکتا ہے۔

53.2 ڈیبٹ کارڈ سے متعلق شرائط وضوابط کی تشہیر خواہ بینک الفلاح لمیٹڈ کی ویب سائٹ یا کسی دوسرے طریقے سے کی جا ئے ، ان شرائط و ضوابط کا اہم حصہ ہیں اور ڈیبٹ کارڈ کے استعمال سے کسٹمر کے برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹ تک رسائی پر لاگو ہوں گے۔اس کے علاوہ اگر ڈیبٹ کارڈ سے متعلق شرائط وضوابط اور اس معاہدے کے شرائط و ضوابط میں کوئی باہمی اختلاف یا بے ربطگی ہو تو اس معاہدے کے شرائط و ضوابط کو درست تصور کیا جائیگا۔

53.3 کسٹمر اپنے ڈیبٹ کارڈ اورPIN کے تحفظ اور اپنے اکاؤنٹ سے ہونے والی کسی بھی غیر قانونی ٹرانزیکشن کا ذمہ دار ہو گا تاوقتیکہ یہ ثابت نہ ہوجائے کہ کسٹمر کے ڈیبٹ کارڈ کا کسی غیر مجاز شخص کی جانب سے استعمال بینک الفلاح لمیٹڈ یا اسکے عملے کی غفلت یا فراڈ کے باعث ہوا ہے ۔

53.4 کارڈ چوری ہوجانے یا گم ہوجانے یا چھن جانے پرکسٹمر فوری طور پر بینک الفلاح لمیٹڈ کو مطلع کرے گا۔بصورت دیگر ایسے ڈیبٹ کارڈ سے ہونے والی کسی بھی ٹرانزیکشن کا بینک الفلاح لمیٹڈ ذمہ دار نہ ہو گا۔

53.5 سروس کے استعمال سے کسٹمربینک الفلاح لمیٹڈ کو اس کے اکاؤنٹ سے کوئی ٹرانزیکشن فیس ، سروس فیس یا کوئی سرکاری لیوی یا کوئی ٹیکس جو کسٹمر کو ایس او سی میں متعارف اور مطلع کیا گیا ہو اس کو ڈیبٹ کرنے کا اختیار دیتا ہے۔سروس فیس سہ ماہی / ششماہی بنیاد پر نظر ثانی کی جائے گی اور کسٹمر اپنی قریبی بینک الفلاح لمیٹڈ سے ایس او سی کی نقل حاصل کر سکتا ہے یا بینک الفلاح لمیٹڈ کی ویب سائٹ سے معلومات حاصل کرسکتا ہے۔

## سیکشن G۔ سروس کی تنسیخ، معطلی یا دست برداری

54 بینک الفلاح لمیٹڈکی جانب سے سروس کی تنسیخ، معطلی یا دست برداری عمل میں آ سکتی ہے اگر:

a کسٹمرPINیا پاس کوڈ کسی غیر مجاز شخص پر ظاہر کرے۔

b اگر کسٹمر کےCNIC کی تصدیق نہ ہو سکے۔

c کسٹمر شرائط و ضوابط کی پابندی نہ کرے۔

d کسٹمر غیر قانونی مقاصد کیلئے سروس کا استعمال کرتا ہے۔

e کسی بھی وجہ سے کسٹمر کا اکاؤنٹ بند یا ڈورمنٹ ہو جاتا ہے۔

f کسٹمر تین ماہ تک ایسی ٹرانزیکشن نہیں کرتا جس پر فیس ادا کی جائے۔

g اگر کسٹمرمجاز اتھارٹیز( مقامی /انٹرنیشنل )کی جانب سے رپورٹڈ/ شناخت کیا جائے بطور ممنوع فرد یا پابندی سے متعلق توبینک الفلاح لمیٹڈ کے پاس حق ہے کہ وہ بغیر پیشگی نوٹس اس کا اکاؤنٹ / سروسز فوری طور پر منجمند /بند کردے۔

55 بینک الفلاح لمیٹڈکی جانب سے سروس کی تنسیخ، معطلی یا دست برداری کی صورت میں کسٹمر کو 30 دن کا پیشگی نوٹس دیا جائے گا۔ تاہم بینک الفلاح لمیٹڈکی جانب سے سروس کی تنسیخ، معطلی یا دست برداری عمل میں آ سکتی ہے اگرکسٹمرفراڈ یا غیر قانونی مقاصد کیلئے سروس کا استعمال کرتا ہے یا کسٹمر تین ماہ تک ایسی ٹرانزیکشن نہیں کرتا جس پر فیس ادا کی جائے یا کسی بھی وجہ سے کسٹمر کا برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹ جو اس سروس سے لنک ہے، بند یا ڈورمنٹ ہو جاتا ہے۔

56 کسٹمر کسی بھی وقت بینک الفلاح لمیٹڈ کو تحریری نوٹس دے کر یا برانچ لیس بینکنگ ہیلپ لائن 229 225 111 پر یا کسی بھی بینک الفلاح لمیٹڈ برانچ یا بینک الفلاح لمیٹڈ کی جانب سے وقتاً فوقتاً بتائی گئی منتخب ایجنٹ لوکیشن پر رابطہ کر کے سروس سے ڈی رجسٹر ہو کر سروس کو ختم کرنے کی ہدایت دے سکتاہے۔

57 سروس کو ختم کرنے کی صورت میں کسٹمراپنے اکاؤنٹ پر لاگو تمام چارجز کی ادائیگی کا ذمہ دار ہوگا۔بینک الفلاح لمیٹڈ ایسے چارجز /فیس کسٹمر کے بینک الفلاح لمیٹڈ میں موجود اکاؤنٹ سے وصول کر سکتا ہے ۔ کسٹمر کی جانب سے جیسا کہ شق 47 سیکشن Eمیں بیان کیا گیا ہے۔

## سیکشن H۔ سیونگز اکاؤنٹ

58 برانچ لیس بینکنگ سیونگز اکاؤنٹ میں جمع کی گئی رقم نفع اور نقصان شیئرنگ کی بنیاد پر ہوگی۔ بینک الفلاح لمیٹڈ کے تعین کردہ نفع اور نقصان کا کسٹمر حتمی طور پر تمام مقاصد کیلئے پابند ہوگا ۔ نفع/ نقصان شیئرنگ اسکیم کے تحت نفع / نقصان کا حساب لگانے کا طریقہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ریگولیشنز / ہدایت ناموں کے تحت بینک الفلاح لمیٹڈ کے اصولوں کے مطابق ہوگا اور جو کسٹمر کو اطلاع فراہم کر کے یا بغیر اطلاع تبدیلی سے مشروط ہے ۔

59 بینک الفلاح لمیٹڈ کے مروجہ ڈپازٹ ریٹ کے مطابق منافع دیا جائے گا جو بینک الفلاح لمیٹڈ کی صوابدید پر تبدیلی سے مشروط ہے ۔

60 برانچ لیس بینکنگ سیونگز اکاؤنٹ میں بینک الفلاح لمیٹڈ کو موصول ہونے والے ڈپازٹس بینک الفلاح لمیٹڈ جیسے مناسب سمجھے استعمال کر سکتا ہے ۔

61 زکوٰۃ کے مخصوص سال میں بیان کردہ استثنیٰ کی حد سے بڑھنے کی صورت میں لاگو اکاؤنٹس میں موجود بیلنس پرتخمینہ شدہ تاریخ کے مطابق زکوٰۃ کی کٹوتی کی جائے گی۔ زکوٰۃ کٹوتی سے استثنیٰ کیلئے مجوزہ پروفارما پر ڈکلیئریشن کے ذریعے بینک الفلاح لمیٹڈ میں وقتاً فوقتاً زکوٰۃ کے لاگو قوانین کے مطابق جانچ کی تاریخ سے کم سے کم ایک مہینے پہلے رجسٹرڈ کیا جائے گا ۔ زکوٰۃ کی کٹوتی زکوٰۃ اور عشر کے لاگو قوانین کے مطابق ہوگی ۔

62 برانچ لیس بینکنگ سیونگ اکاؤنٹ میں حاصل / نکالا گیا نفع / نقصان سیونگ اکاؤنٹ میں سالانہ / شش ماہی / سہ ماہی / ماہانہ بنیادوں پر کریڈ ٹ / ڈیبٹ کیا جائے گا اور یومیہ دستیاب بیلنس کی بنیاد پر حساب لگا کر کیا جائے گا، تاوقتیکہ بصورت دیگر بینک الفلاح لمیٹڈ کی طرف سے واضح کیا جائے ۔

## سیکشن I۔ ریمیٹنس اکاؤنٹ

63 صرف فرد انفرادی طور پر اکاؤنٹ کھول سکتا ہے ۔

64 ایک سی این آئی سی پر صرف ایک ریمیٹنس اکاؤنٹ کھل سکتا ہے ۔

65 ریمیٹنس اکاؤنٹ سیونگ / ریمیونریٹیو کیٹیگری کے تحت کھلے گا ۔

66 اکاؤنٹ صرف PKR (پاکستانی روپے ) میں کھلے گا ۔

67 ریمیٹنس اکاؤنٹ کو فعال کرنے کیلئے بائیو میٹرك تصدیق لازمی ہے ۔

68 اس کیٹیگری کا اکاؤنٹ کھولنے کیلئے صرف پاکستانی اہل ہیں ۔

69 ریمیٹنس اکاؤنٹ انٹرنیشنل ریمیٹنس سے صرف فنڈڈ ہو سکتا ہے ۔ اس وجہ سے دوسرے کسی بھی ذریعے سے ڈپازٹ ممنوع ہوگا ۔

70 یہ اکاؤنٹ کیٹیگری برانچ لیس بینکنگ ریگولیشنز آف اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی ) کے مطابق چلایا جائے گا ۔

71 کسٹمر ایس بی پی کی متعین کردہ حدود میں رہتے ہوئے یہ اکاؤنٹ استعمال کر سکتا ہے ۔ بینک ایس بی پی کی جانب سے ملنے والی ہدایات کے مطابق مذکورہ حدود میں تبدیلی کا حق رکھتا ہے ۔

72 اب کسٹمرز اسٹیٹ بینک آف پاکستان(ایس بی پی) کی تعین کردہ حد میں رہتے ہوئے اپنے بلوں کی ادائیگی اور دیگر ٹرانزیکشنز کر سکتے ہیں ۔

73 اکاؤنٹ ڈارمنٹ اور فعال ہونے، غیر دعویٰ شدہ ڈپازٹس، پرسنل اکاؤنٹس کے کاروباری مقاصد کیلئے استعمال پر پابندی ، کسٹمرز کی پروفائلز کو اپ ڈیٹ کرنا اورمتعلقہ قانون کے تحت مشکوک ٹرانزیکشنز کا ریکارڈ رکھنا اور رپورٹ کرنا جیسے معاملات لاگو قوانین/ ریگولیشنز کے تحت چلائے جائیں گے ۔

74 سیونگز اکاؤنٹ سے متعلق بینک کی پالیسی کے مطابق ریمیٹنس اکاؤنٹ میں موجود فنڈزپر منافع دیا جائے گا ۔

75 ملک بھر میں موجود اے ٹی ایمز سے مجوزہ اکاؤنٹ کی حد میں کیش نکلوانے پر ود ہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی نہیں ہوگی ۔ مجاز بینک کے پاس حق محفوظ ہے کہ وہ ٹیکس کلیکشن اتھارٹی کی جانب سے ملنے والی ہدایات پر ڈیو ٹیکس وصول کرے ۔

76 ان شرائط و ضوابط پر دستخط کر کے بذریعہ ہٰذا کسٹمر بینک کے شیڈول آف چارجز کے مطابق اس اکاؤنٹ کی کیٹیگری پر لاگو سروس چارجز کی ادائیگی پر رضامند ہے ۔

77 اس اکاؤنٹ کیٹیگری کے ساتھ کم سے کم بیلنس یا ابتدائی ڈپازٹ کی ضرورت نہیں ہے ۔

78 یہ اکاؤنٹ بطور ریمٹینس بائیومیٹرک تصدیق شدہ اکاؤنٹ کھولا جائے گا ۔ کسٹمرز کی اس اکاؤنٹ کو فعال کرنے یا اس سے فنڈز نکلوانے کا انحصار مثبت بائیومیٹرک تصدیق پر ہے ۔

## سیکشن L۔ عمومی

79 کسٹمرہرصورت میں اپنے اکاؤنٹ کی تفصیلات اور اپنی انفرادی معلومات کسی کو نہیں بتائے گا تاکہ اسکے اکاؤنٹ کے غیر قانونی استعمال کو نا ممکن بنایا جا سکے ۔

80 تمام ٹرانزیکشنز، کسٹمر سے وصول کی جانے والی فیسیں اور چارجز، کسٹمر کی اسٹیٹ منٹ/منی اسٹیٹ منٹ میں ظاہر کی جائیں گی،کسٹمر اپنے موبائل ایپ کے ذریعے تیس(30) دنوں کی ٹرانزیکشنز دیکھ سکتا ہے ۔

81 بینک الفلاح لمیٹڈ کے ان شرائط و ضوابط اور/ یا سروس میں وقتاً فوقتاً تبدیلی کی جاسکتی ہے۔ نظر ثانی شدہ شرائط و ضوابط بینک الفلاح لمیٹڈ کی ویب سائٹ اور برانچوں پر دستیاب ہونگے ۔

82 اگر کسٹمر ان نظر ثانی شدہ شرائط و ضوابط سے متفق نہیں تو ان کی وصولی کے 7دن کے اندر درخواست دے کر سروس ختم کروا سکتا ہے۔ اگر کسٹمر نظر ثانی شدہ شرائط و ضوابط کی وصولی کے بعد بھی سروس استعمال کرتا ہے تو سمجھا جائے گا کہ اس نے ان شرائط و ضوابط کو پڑھ اور سمجھ لیا ہے اور وہ ان کی پابندی پر رضا مند ہے۔ اگر سروس میں تبدیلی کے تحت کسٹمر کو اپنی سم یا نیٹ ورک سروس پرووائیڈر کو تبدیل کرنا ہے تو سروس کے استعمال کیلئے ایسی تبدیلی پر آنے والے اخراجات کسٹمر کے ذمہ ہوں گے۔

83 بینک الفلاح لمیٹڈ سروس میں تبدیلی سے کسٹمر کو مختلف ذرائع جیسے ایس ایم ایس سے آگاہ کر سکتا ہے۔

84 بینک الفلاح لمیٹڈ کی جانب سے کسی قاعدے کو لاگو کرنے میں ناکامی کا مطلب اس قاعدے سے دستبرداری نہیں ہے۔

85 اکاؤنٹ اور سروسز کی منظوری اور آپریشن کسی بھی صورت میں بینک کی رضا مندی کے بغیر کسی دوسرے شخص یا ادارے کو قابل انتقال نہیں ہے۔

86 یہ شرائط و ضوابط بینک الفلاح لمیٹڈ کے اکاؤنٹ اوپننگ کے عمومی شرائط و ضوابط کے ساتھ پڑھے اور سمجھے جائیں۔

87 اگران شرائط و ضوابط اور اکاؤنٹ اوپننگ کے عمومی شرائط و ضوابط میں کوئی باہمی اختلاف یا بے ربطگی ہو تو اس معاہدے کے شرائط و ضوابط کو درست تصور کیا جائیگا۔

88 میں متفق ہوں کہ بینک الفلاح لمیٹڈ مجھ سے بذریعہ ای میل، ایس ایم ایس یا فون کال رابطہ کر کے رقوم کی منتقلی یا بینک الفلاح لمیٹڈ کی دیگر سروسز کی اطلاع دے سکتا ہے اور/ یا اس ضمن میں مجھ سے معلومات حاصل کر سکتا ہے۔

89 اکاؤنٹ کھولنے اور اسے استعمال کرنے والا کوئی بھی شخص اقرار کرتا ہے کہ اس نے ان شرائط و ضوابط کو بغور پڑھ اور سمجھ لیا ہے اور ان شرائط و ضوابط اور بینک الفلاح لمیٹڈ کے جاری کردہ شیڈول آف چارجز اور تبدیلیوں کو قبول کرنے کا اقرار کرتا ہے جو وقتاً فوقتاً بینک الفلاح لمیٹڈ کی جانب سے ہوں گی۔

90 بینک الفلاح لمیٹڈ وجہ بتائے بغیر کسٹمر کی ہدایات پرعمل کرنے سے انکار کرسکتاہے اورکسٹمر کے اکاؤنٹ کے آپریشن کوایسی صورت میں معطل کرنے کا حق رکھتا ہے جب بینک الفلاح لمیٹڈ کو یقین ہو کہ کسٹمر کی دی گئی ہدایات براہ راست یا بالواسطہ نقصان کی ذمہ دار ہوسکتی ہیں اور بینک الفلاح لمیٹڈ ایسی صورت میں کسٹمر کے اکاؤنٹ کو آپریٹ کرنے سے قبل کسٹمر سے تلافی حاصل کرنے کا حق محفوظ رکھتاہے۔

91 بینک الفلاح لمیٹڈ کسی یا ایسے تمام سامان /پروڈکٹس ، جو بینک کی ایسی سروسز کے ذریعے فروخت کی جاتی ہیں، کیلئے صرف رقوم کی فراہمی میں مدد فراہم کرنے والے ادارے کا کردار ادا کرتاہے۔اور کسی سامان/پروڈکٹس کی خصوصیات، معیار اور ایسے سامان/پروڈکٹس کی ترسیل کا ذمہ دار نہیں۔ یہ ٹرانزیکشنز کسٹمر کے اکاؤنٹ سے خریداری کی رقم اورکسی قابل ادا فیس کی کٹوتی سے مکمل ہوں گی۔

92 بینک الفلاح لمیٹڈ شرائط و ضوابط کے تحت رقم کی ادائیگی کے کسی بھی پیغام یا کسٹمر کی جانب سے یا کسٹمر کے بدلے کسی اور کی طرف سے دی گئی دیگر معلومات کی مکمل تحقیقات کا حق رکھتاہے اور ان تحقیقات کے سلسلے میں مزید تحقیقات بھی کی جا سکتی ہیں اورٹرانزیکشن روکی بھی جا سکتی ہے نیز یہ معلومات قانون نافذ کرنے والے اداروں،عدالت یا کسی دیگر ریگولیٹری اتھارٹی کو بھی پیش کی جا سکتی ہے۔

93 بینک الفلاح لمیٹڈ کو کسٹمر کے موبائل نمبر پر (موبائل نیٹ ورک پورٹیبلیٹی) ہونے والے کسی بھی مسئلے پرذمہ دار نہ ٹھہرایا جائے گا۔

94 بینک الفلاح لمیٹڈ کے پاس کسٹمر کو پیشگی نوٹس کے بغیر اس کے اکاؤنٹ سے کوئی سے بھی اخراجات ،فیس،کمیشن،مارک اپ / سود ،ودہولڈنگ ٹیکس، زکوٰۃ ، اسٹیمپ ڈیوٹی،ٹیکس، ڈیوٹی یا کوئی سے دوسرے چارجز جو کسی ٹرانزیکشنز یا بینک الفلاح لمیٹڈ کے ساتھ کئے گئے کسی بھی اکاؤنٹ آپریشن یا صوبائی یا وفاقی حکومت کو قابل ادا ٹیکسوں کی صورت میں وقتاًفوقتاً قابل ادا ہوں منہا کرنے کا حق حاصل ہے۔

95 بینک الفلاح لمیٹڈ کسی بھی غلط انٹری کو درست کرنے اور بعدازاں کسٹمر کو مطلع کرنے کا حق محفوظ رکھتاہے۔

96 اگر کوئی ڈپازٹ/ انسٹرومنٹ10سال تک غیر استعمال شدہ رہتاہے تو یہ غیر دعویٰ شدہ ڈپازٹ سمجھا جائے گا اور بینکنگ کمپنیز آرڈیننس 1962اوراسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ہدایات کی روشنی میں ایسی رقم اسٹیٹ بینک کو جمع کروادی جائے گی۔

97 بینک الفلاح لمیٹڈ کو حق حاصل ہے کہ وہ(1) اس معاہدے کے تحت بینک الفلاح لمیٹڈ کے حقوق اور ذمہ داریوں ،(2) تمام اثاثوں، ذمہ داریوں ، جمع کردہ رقوم اور اکاؤنٹ اور سروسز کے تحت پیش کردہ تمام سروسز اور سہولیات ، اور(3) بینک الفلاح لمیٹڈ کے حق میں کسی بھی تحفظ (بشمول تمام ضمانتیں ) کو بینک الفلاح لمیٹڈ کی طرف سے فیصلہ کردہ شرائط و ضوابط پر اپنے منتخب کردہ کسی بھی شخص، بشمول بینک الفلاح لمیٹڈ کی ملحقہ یا ذیلی کمپنی مکمل یا جزوی کو بیچ دے ، تبدیل کردے ، سپرد یا منتقل کردے ۔ اس طرح کی کوئی بھی فروخت ، سپردگی یا منتقلی کسٹمر کے لیے حتمی اور قابلِ پابند ہوگی ۔

98 یہ شرائط و ضوابط قوانین اسلامی جمہوریہ پاکستان کے عین مطابق ہیں اور عدالتوں/ ٹربیونلز کے عمومی اختیار کے دائرے میں آتے ہیں۔ اس معاہدے میں شامل پارٹیاں متفق ہیں کہ اس معاہدے سے متعلق کوئی بھی قانونی کارروائی کراچی میں معزز عدالت کے روبرو پیش کیا جائے گا اور وہ ایسی معزز عدالتوں کے روبرو خود کو قانونی چارہ جوئی کیلئے پیش کریں گے۔

99 یہ شرائط و ضوابط بشمول ان میں وقتاًفوقتاً ہونے والی ترامیم، سروس کے استعمال اورا جازت یافتہ چینلز کے ذریعے برانچ لیس بینکنگ ریگولیشنز کے تحت برانچ لیس بینکنگ سروسز کے استعمال کیلئے بینک الفلاح لمیٹڈ اور کسٹمر کے حقوق اور ذمہ داریوں کا تعین کرتے ہیں۔(بشمول ملک بھر میں بینک الفلاح لمیٹڈ کے مقرر کردہ ایجنٹس، ملک بھر میں بینک الفلاح لمیٹڈ کی کوئی برانچ،موبائل، انٹر نیٹ، ATMs، کیش ڈپازٹ مشینیں، POS،KIOSK، فون بینکنگ اور IVR)۔ یہ شرائط و ضوابط بشمول ان میں وقتاًفوقتاً ہونے والی ترامیم ہر وقت برانچ لیس بینکنگ ریگولیشنز کے تحت ہوں گے اور ان کی کوئی بھی متعلقہ ریگولیشن ان شرائط و ضوابط کا لازمی حصہ تصور ہو گی۔

100 بینک الفلاح لمیٹڈ صرف رقوم فراہم کرنے والے ادارے کا کردار ادا کرتاہے اور کسی بھی طرح تھرڈ پارٹی کی جانب سے فراہم کردہ سامان یا استعمال کی گئی سروسز کے معیار کا ذمہ دار نہیں ہے۔بینک الفلاح لمیٹڈ کسی بھی صورت میں تھرڈ پارٹی ادا کنندہ کی جانب سے ادائیگی کی سہولت کی عدم دستیابی کا ذمہ دار نہ ہو گا۔ کسٹمر بینک الفلاح لمیٹڈ کو اختیار دیتا ہے کہ وہ اسکے برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹ سے خریداری کی رقم کے ہمراہ قابل ادا کوئی فیس وغیرہ بھی چارج کر سکتا ہے۔

101 برائے مہربانی نوٹ کر لیں کہ بینک الفلاح لمیٹڈ ایک مالیاتی ادارہ ہے اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان سے لائسنس یافتہ ہے جس کے تحت وہ پاکستان میں اپنا کاروبار چلاتا ہے اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ضابطوں کے مطابق پاکستان میں موجود کئی دائرۂ اختیارات میں شامل اپنے ملحقہ اداروں،ذیلی اداروں اور پروڈکٹ/مصنوعات فراہم کرنے والے تیسرے فریق کےذریعے کلائنٹس کوبینکاری اور دیگر متعلقہ خدمات اور پروڈکٹس / مصنوعات فراہم کرتا ہے۔ بینک الفلاح لمیٹڈ، اپنی پروڈکٹس / مصنوعات یا تیسرے فریق کی پروڈکٹس / مصنوعات کی سیلز اور مارکیٹنگ سے متعلق سرگرمیوں کو منظم کرتا ہے اور بینک الفلاح لمیٹڈ میں موجودآپ کےاکاؤنٹس سے متعلق آپ کی ذاتی معلومات اور کوئی دیگر معلومات کو یا تو بذاتِ خود جمع کرسکتا ہے٬ اس پر کارروائی اور تجزیہ کرسکتا ہے یا تیسرے فریق کے ذریعے کرواسکتا ہے جسے بینک الفلاح نے خود اپنی واحد صوابدید میں اس سلسلے میں شامل کیا ہو۔ نتیجتاً آپ بینک الفلاح لمیٹڈ کو اجازت اور اختیار دیتے ہیں کہ وہ آپ کی ذاتی معلومات اور تمام دیگر معلومات جو بینک الفلاح میں موجود آپ کے اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) سے متعلق ہیں، انھیں بینک اپنے متعلقہ آفیسرز، ڈائریکٹرز، ماتحتوں، پروڈکٹس ڈسٹری بیوشن پارٹنرز اور اس کی بیمہ کمپنیوں / دیگر وینڈرز پر افشاء کردے جب اور جہاں درکار ہوں اور آپ تک ان تمام تیسرےفریقین کی رسائی کو یقینی بنانا ہے تاکہ وہ اپنے متعلقہ کاروباروں / مصنوعات کو بینک الفلاح کے ساتھ الحاق / مشترکہ طور پر فروغ دے سکیں، بتایا گیا ہے کہ بینک الفلاح ہمیشہ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ تیسرے فریقین رازداری رکھنے کی ذمہ داری کے پابند رہیں جو ان کو یہ معلومات کسی دیگر فریقین پر افشاء کرنے سے روکتی ہے۔ آپ مزید متفق ہیں کہ آپ کو بینک الفلاح کی طرف سے ان معلومات کو تیسرے فریقین پر افشاء کرنے پر کوئی اعتراض نہیں ہوگا جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے اور آپ اس سلسلے میں کوئی دعوے نہیں کریں گے۔

102 کسٹمر ذمہ داری لیتا ہے اورتلافی اور تصدیق کرتا ہے کہ:

102.1 وہ نہ تو اس اکاؤنٹ اور سروسز کے لئے معلومات کسی تھرڈ پارٹی کو دے گا اور نہ ہی اس اکاؤنٹ کو کسی فراڈ یا غیر قانونی طریقے سے استعمال کرے گا اور غیر مشروط طور پر بینک الفلاح لمیٹڈ کی جانب سے لاگو کردہ قواعد کو تسلیم کرتا ہے۔ کسٹمر کے اکاؤنٹ کے استعمال کے سلسلے میں کسی اتھارٹی یا عدالت کی جانب سے عائد کیا گیا جرمانہ مکمل طور پر کسٹمر کی ذمہ داری ہوگی۔

102.2 ناقابلِ تنسیخ طور پر اور غیر مشروط طور پر متفق ہے اور کسی بھی ہدایات کی صداقت اور تمام مقاصد کے لیے ، جو بھی ہو، بینک الفلاح لمیٹڈ کی تعمیل کو قبول کرتا ہے اورمزید ناقابلِ تنسیخ طور پر اور غیر مشروط طور پر اِس کو تسلیم کرتا ہے اور بینک الفلاح لمیٹڈ کی طرف سے اکاؤنٹ اور سروسز کی فراہمی کے لحاظ سے یا اس کے نتیجے میں بینک الفلاح لمیٹڈ کو کسی بھی دعوؤں سے مبرا کرتا ہے اور اس اکاؤنٹ اور سروس کو کسی بھی فراڈ یا غیر قانونی مقصد کے لیے نہ ہی خود استعمال کرتا ہے اور نہ ہی کسٹمر کی طرف سے کسی تھرڈ پارٹی کو اس طرح کے استعمال کی اجازت دیتا ہے۔

102.3 بینک الفلاح لمیٹڈ اسکی جانب سے کسی بھی ٹرانزیکشن کیلئے دیا گیا کوئی بھی آرڈر/ ہدایات بینک الفلاح لمیٹڈ کسی بھی عدالت یا کورٹ میں بطور ثبوت پیش کرسکتا ہے اور/یا فریقین کے مابین کسی مالی ادائیگی کے جھگڑے کے تصفیے کیلئے بطور ثبوت استعمال کر سکتا ہے۔ کسٹمر مزید تصدیق کرتا ہے کہ وہ بینک الفلاح لمیٹڈ کو اکاؤنٹ یا سروسز کے استعمال کے نتیجے میں ہونے والے کسی بھی نقصان،ایکشن،دعوؤں سے مبّرا اور نقصان سے دستبردار رکھتا ہے۔

102.4 کسٹمر برانچ لیس بینکنگ اکاؤنٹ کھولنے اور متعلقہ سروس استعمال کرنے کی غرض سے ان تمام شرائط و ضوابط پر عمل کرنے کاپابند ہے اور ساتھ ہی اس معاہدے میں وقتاً فوقتاً بینک الفلاح لمیٹڈ یا کسی ریگولیٹری اتھارٹی کی جانب سے وقتاًفوقتاً کی جانے والی مختلف تبدیلیوں کو قبول کرنے کا اقرار کرتا ہے۔

میں تصدیق کرتا ہوں کہ میں نے مذکورہ بالا شرائط و ضوابط کو پڑھ لیا ہے / یہ قواعد مجھے پڑھ کر سنا اور واضح کر دئیے گئے ہیں اور میں نے انہیں سمجھ کر قبول کر لیا ہے اور میں ان قواعد و ضوابط سے اتفاق کرتا ہوں اوران قواعد و ضوابط پر دستخط کرنے کے بعد میں بلا کسی عذر و اعتراض ان کی پابندی کرنے کا اقرار کرتا ہوں۔